# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu news Bulletin**
**Date : 26 August 2026**
**Time : 09:25 / AM**

**Opening**

آداب
یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں مسرت شاہ۔

**PM**

وزیر اعظم نریندر مودی کی صدارت میں کل سیوا تیرتھ نئی دلی میں پرگتی کی **53** ویں میٹنگ منعقد ہوئی۔میٹنگ کے دوران وزیر اعظم نے نو ریاستوں میں پھیلے **30** ہزار کروڑ روپے لاگت والے مختلف سیکٹروں کے **6** کلیدی نوعیت کے بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔وزیر اعظم نے عوامی بہبود کیلئے ان پروجیکٹوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنانے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ پروجیکٹوں میں تاخیر سے ان کے اخراجات میں اضافہ ہو جاتا ہے۔انہوں نے پروجیکٹوں کے معیار کو یقینی بنانے اور ہر مرحلے پر نگرانی کے عمل کو بڑھانے کیلئے جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لانے پر زور دیا۔

بھارت چین

بھارت نے چین کے ساتھ دوطرفہ رشتوں کو مستحکم کرنے کے ساتھ ساتھ دیرپا ترقی کو یقینی بنانے کیلئے بھارت چین سرحدی علاقوں میں امن و سکون برقرار رکھنے کی اہمیت کو اجاگر کیا ہے۔قومی سلامتی کے مشیر اجیت دووال نے کل بیجنگ میں چین کے وزیر خارجہ **Wang YI** کے ساتھ خصوصی نمائندوں کے مذاکرات کے **25** ویں راؤنڈ کی مشترکہ صدارت کی۔وزارت خارجہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ دونوں خصوصی نمائندوں نے بھارت چین **Boundary Question** کے معاملے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔

عید میلا

عید میلا دالنبی ﷺ کی تقریب سعید آج پورے عالم اسلام میں مذہبی جوش وخروش اور تزک واحتشام کے ساتھ منائی جارہی ہے۔اس تعلق سے آج وادی بھر کی خانقاہوں ،مساجد اور زیارتگاہوں میں بڑے بڑے دینی اجتماعات منعقد ہورہے ہیں۔سب سے بڑی تقریب آثارشریف درگاہ حضرتبل میں منعقد ہورہی ہے جہاں رات بھر عقیدت مند شب بیداری میں محو رہے۔انہوں نے اپنے گناہوں کی معافی طلب کرنے کے ساتھ ساتھ ملک وقوم کی فلاح وبہبود کیلئے دعائیں مانگیں۔درگاہ حضرتبل میں آج لوگ موئے مقدس آنحضور ﷺ کے دیدار سے فیضیاب ہورہے ہیں۔

------Byte------

PM مبارک

وزیر اعظم نریندر مودی نے عید میلا د النبی ﷺ کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔اپنے پیغام میں انہوں نے امید ظاہر کی کہ مقدس میلا دالنبی ﷺ پوری دنیا کیلئے یکجہتی ،امن وامان اور مسرتوں کا پیغام لے کر آئے گا۔

میلاد مبارک

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے بھی لوگوں کو عید میلا دالنبی ﷺ کے موقعے پر مبارکباد دی ہے۔اپنے پیغام میں انہوں نے پیغمبر آخرالزمان حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی تعلیمات اور اسوہ حسنہ کو امن ،مساوات اور عالم انسانیت کیلئے ہمدردی کی روشن مثال قرار دیا۔وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے عید میلا دالنبی ﷺ کے مبارک موقعے پر جموں وکشمیر کے لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔سوشل میڈیا پر اپنے پیغام میں وزیر اعلیٰ نے آنحضور ﷺ کے امن ،محبت ،شفقت اور اخوت کے عالمگیر پیغام کو عام کرنے پر زور دیتے ہوئے یوٹی میں دائمی امن ،ترقی اور بھائی چارے کیلئے خصوصی دعا کی ہے۔اسی دوران نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری اور کابینی وزراء سکینہ ایتو ،ستیش شرما ،جاوید رانا ،جاوید احمد ڈار نے بھی لوگوں کو عید میلا دالنبی ﷺ کے موقعے پر مبارکباد دی ہے۔

درخشاں اندرابی

ادھر جموں وکشمیر وقف بورڈ کی چیئر پرسن ڈاکٹر سید درخشان اندرابی نے آثار شریف درگاہ حضرتبل اور جناب صاحب صورہ پر حاضری دے کر وہاں عید میلاد النبی ﷺ کیلئے کئے گئے انتظامات کا جائزہ لیا۔

مبارکباد

سابق مرکزی وزیر اور جموں وکشمیر کے سابق وزیر اعلیٰ غلام نبی آزاد نے بھی عید میلاد کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے ۔ڈائریکٹر جنرل پولیس نلین پربھات،صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ اور کئی دیگر کئی اہم شخصیات نے بھی عید میلاد کے موقعے پر یوٹی کے لوگوں کو مبارکباد پیش کی ہے ۔

ایل جی ملاقات

بھِشنا کے قانون ساز اسمبلی ممبر ڈاکٹر راجیو کمار بھگت نے لوک بھون سرینگر میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی اور اپنے حلقے کے مسائل کے بارے میں انہیں جانکاری دی ۔کنفیڈریشن آف انڈین انڈسٹری جے اینڈ کے یوٹی کونسل کے ایک وفد نے اس کے چیئرمین اکرام علی شفائی کی قیادت میں ایل جی سے ملاقات کی اور 29 اگست کو سرینگر میں منعقد ہونے والے CII-J&K ہیلتھ کنکلیو کے تیسرے شمارے کے بارے میں انہیں جانکاری دی ۔دریں اثناء احمدیہ مسلم جماعت ریش نگری شوپیاں کا ایک وفد خورشید احمد میر کی قیادت میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی اور انہیں علاقے کی ترقیاتی ضروریات اور مسائل سے آگاہ کیا۔

کوثرناگ یاترا

ریاسی ضلعے میں سالانہ کوثر ناگ یاترا 2026 اختتام پذیر ہوئی ہے ۔اس یاترا میں ضلعے سے تعلق رکھنے والے 8 سو سے زیادہ شردھالوؤں نے شرکت کی ۔ یاترا 21 اگست کو ریاسی سے شروع ہوئی اور یہ مختلف مقامات سے گزر کر 23 اگست کو کوثر ناگ سروور پہنچ گئی جہاں پوجا اور دیگر مذہبی رسومات کے ساتھ یہ یاترا اختتام پذیر ہوئی ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 17 اعشاریہ 6 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 25 اعشاریہ 6 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

## Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ۔